# افرادِخاندان ڈی اسٹریمنگ کے بارے میں کیا جاننا چاہتے ہیں

York Region District School Board
InspireLearning!

## ڈی اسٹریمنگ

| | |
|---|---|
| **اسٹریمنگ کیا ہے؟** | • اسٹریمنگ کا مطلب ہے طلباء کو مختلف قسم کے نصاب میں الگ الگ کرنا۔<br>• اونٹاریو میں سرِ دست طلباء کو ریاضی، انگریزی، سائنس، جغرافیہ، تاریخ اور فرانسیسی زبان میں رکھا جا رہا ہے۔ گریڈ 9 اور 10 کے لیے نصابات کی یہ اقسام اکاڈمک، اپلائیڈ ہیں اور مقامی اعتبار سے وضع کردہ ہیں۔ |
| **ڈی اسٹریمنگ کیا ہے؟** | • ڈی اسٹریمنگ کا مطلب یہ ہے کہ طلباء کو اکاڈمک، اور اپلائیڈ اسٹریم میں اب مزید نہیں بانٹا جائے گا۔<br>• پھر بھی اسکول مقامی طور پر وضع کردہ کلاسیں فراہم کرتے رہیں گے۔<br>• ریاضی کا مضمون تعلیمی سال 2021-2022 میں ڈی اسٹریمڈ کیا جا رہا ہے۔<br>• ڈی اسٹریمڈ ریاضی کی کلاس طلباء کو یونیورسٹی، کالج، زیر تربیت ملازمت اور ورک پلیس پاتھ ویز کے لیے تیار کرتی ہے۔ |
| **نصابات ڈی اسٹریم کیوں کیے جا رہے ہیں؟** | • تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ طلباء کے لیے اور خصوصاً حاشیہ نشین معاشروں سے تعلق رکھنے والے طلباء کے لیے ڈی اسٹریمنگ کے بہتر نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ |
| **نئے گریڈ 9 کے ریاضی کے نصاب کے لیے کلاس کا سائز کیا ہوگا؟** | • کلاس کے سائز سے متعلقہ ابھی فیصلے نہیں کیے گئے ہیں۔ |
| **نئے گریڈ 9 کے نصاب کے مشمولات سے متعلق معلومات میں کہاں حاصل کر سکتا ہوں؟** | • وزارت تعلیم کی درسیات ویب سائٹ پر ریاضی کے نئے نصاب کے بارے میں مزید معلومات ہوں گی:<br>https://www.dcp.edu.gov.on.ca/en/curriculum#secondary |
| **ان طلباء کو کس طرح کی مدد فراہم کی جائے گی جو نئے ڈی اسٹریمڈ ریاضی کے نصاب میں خصوصی تعلیم کی ضروریات رکھتے ہوں؟** | • اساتذہ ان طلباء کے لیے جو خصوصی تعلیم کی ضروریات رکھتے ہوں انفرادی تعلیمی منصوبے کا نفاذ کریں گے۔<br>• ریاضی کے اساتذہ سیکنڈری اسکول کے طلباء کی مدد کے لیے اسپیشل ایجوکیشن کے ریسورس ٹیچرز کے اشتراک سے کام کرتے رہیں گے۔ |
| **کیا اگلے سال گریڈ 9 کے تمام نصابات کو ڈی اسٹریم کیا جا رہا ہے؟** | • گریڈ 9 کی ریاضی ڈی اسٹریم کیا جانے والا سب سے پہلا نصاب ہے۔<br>• گریڈ 9 کی انگریزی، فرانسیسی، جغرافیہ اور سائنس کو آئندہ برسوں میں ڈی اسٹریم کیا جائے گا۔ |
| **کیا گریڈ 10 کو بھی ڈی اسٹریم کیا جائے گا؟** | • وزارتِ تعلیم کی توجہ اگلے تین سال کے اندر گریڈ 9 کی ڈی اسٹریمنگ پر مرکوز ہے۔ |

## مقامی طور پر وضع کردہ نصابات

| | |
|---|---|
| **مقامی طور پر وضع کردہ (یا لازمی) نصابات کیا ہیں؟** | • مقامی طور پر وضع کردہ نصابات ان طلباء کی ضروریات میں مددگار ہوتے ہیں جنہیں گریڈ 8 میں نمایاں طور پر ترمیم شدہ پروگرامنگ دی جاتی رہی ہو۔<br>• مقامی طور پر وضع کردہ نصابات بعض اسکولوں کے گریڈ 9 اور گریڈ 10 میں انگریزی، ریاضی، سائنس اور/یا تاریخ کے مضامین میں فراہم کیے جاتے ہیں۔<br>• مقامی طور پر وضع کردہ نصابات کے طلباء روز مرہ کی زندگی سے مربوط مواد کا مطالعہ کرتے ہیں۔<br>• کالج اور یونیورسٹی کے ان پر وگراموں میں جن میں ہائی اسکول کے ریاضی نصاب کی شرط ہو اس پاتھ وے کے نصابات کو داخلے کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| **میرے بچے کی سفارش مقامی طور پر وضع کردہ پروگرام کے لیے کیوں کی جا رہی ہے؟** | جن طلباء کی سفارش مقامی طور پر وضع کردہ نصاب اخذ کرنے کے لیے کی جا رہی ہے وہ ہو سکتا ہے:<br>• گریڈ 7 اور 8 میں نمایاں طور پر ترمیم شدہ درسیاتی توقعات پر کام کر رہے ہوں۔<br>• ابھی گریڈ کی سطح پر کام نہیں کر رہے ہوں اور انہیں اضافی مدد درکار ہو۔ |
| **اگر میرے بچے کی سفارش مقامی طور پر وضع کردہ پروگرامنگ کے لیے کی گئی ہو تو مجھے کس طرح کے سوالات پوچھنے چاہئیں؟** | • میرا بچہ آزادانہ طور پر ترمیمات کے بغیر کون سی گریڈ سطح پر کام کر رہا ہے؟<br>• ریاضی میں میرے بچے کی کامیابی کی سطح کیا ہے؟<br>• میرا بچہ ترمیمات (گریڈ سطح کی توقعات میں کی گئیں تبدیلیوں یا (وہ تعاون جو نصاب کی توقعات میں تبدیلی نہیں کرتا ہے) کے ساتھ کام کر رہا ہے؟ |
| **اگر طلباء مقامی طور پر وضع کردہ نصابات اختیار کرتے ہیں تو ان کے پاس طریق کار سے متعلق کون سے متبادلات ہیں (زیر تربیت ملازمت، کالج، یونیورسٹی، دفتر)؟** | • گریڈ 9 اور 10 میں مقامی طور پر وضع کردہ نصابات کی تکمیل کرنے والے طلباء براہ راست گریڈ 11 ورک پلیس نصاب میں جانے کے لیے تیار ہو رہے ہیں جس سے ہائی اسکول کے بعد روزگار اور / یا زیر سرپرست ملازمت کی راہیں کھلتی ہیں۔<br>• گریڈ 9 میں مقامی طور پر وضع کردہ نصابات کی کامیابی سے تکمیل کر لینے والے طلباء 9 گریڈ والے مضمون کو ہی مثلاً ڈی اسٹریمڈ نصاب کی قسم میں اختیار کر سکتے ہیں۔ تب اس طریق کار سے کالج، زیر تربیت ملازمت، یا یونیورسٹی کے نصابات اور پروگراموں کی راہ گریڈز 11 اور 12میں کھلے گی۔ |

## مزید معلومات

| | |
|---|---|
| **اگر میرا بچہ فرانسیسی، انگریزی، سائنس یا جغرافیہ کے لیے کسی اپلائیڈ نصاب کا انتخاب کرتا ہے تو یہ آئندہ کے گریڈوں میں اس کے طریق کار کے انتخابات پر کیسے اثر انداز ہوگا؟** | • اپلائیڈ نصابات گریڈ 11/12 میں بیشتر براہ راست طور پر کالج اور دفتر کے نصابات کی طرف لے جاتے ہیں لیکن اکثر اضافی نصابات کے ذریعے یونیورسٹی کی طرف بھی لے جا سکتے ہیں۔<br>• یہ جاننا ضروری ہے کہ اگرچہ طلباء کو طریق کار دستیاب ہیں لیکن اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اپلائیڈ نصابات سے آغاز کرنے والے طلباء کا تعلیمی نصابات کے طلباء کے مقابلے میں بعد ثانوی تعلیم کی تکمیل کا امکان کم رہتا ہے۔ |
| **اکاڈمک اور اپلائیڈ کلاسوں میں کیا فرق ہے؟** | • اپلائیڈ کلاسوں میں مشمولات مانوس حالات اور مشقی تعلیم کی مدد سے پڑھائے جاتے ہیں۔<br>• تعلیمی کلاسوں میں مواد کو واقف اور تجریدی حالات کا استعمال کرتے ہوئے پڑھایا جاتا ہے۔<br>• سرِ دست، اپلائیڈ کلاسوں میں 22 طلباء تک اور تعلیمی کلاس میں 29 طلباء تک ہو سکتے ہیں۔ |
| **میرے بچے کو ریاضی میں مدد کیسے مل سکتی ہے؟** | طلباء مندرجہ ذیل سے مدد حاصل کر سکتے ہیں:<br>• اپنے ریاضی کے استاد سے؛ اور/یا<br>• TVO ریاضی (Mathify) کے ذریعے مفت آن لائن ٹیوشن سے؛ اور/یا<br>• بورڈ کی ویب سائٹ کے ریاضی کے صفحے پر یہ خود تشخیصی ٹول |
| **میں ڈی اسٹریمنگ کے بارے میں مزید کہاں پڑھ سکتا ہوں؟** | اسٹریمنگ کے بارے میں مزید معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر مل سکتی ہے:<br>• Restacking the Deck<br>• Is It Time to Detrack Math?<br>• Restructured Pathways - Addressing Streaming from Grades 1 to 12 in the Toronto District School Board<br>• NCSM Position Paper - Closing the Opportunity Gap: A Call for Detracking Mathematics<br>• Ten Steps to Equity in Education<br>• Equity and Quality in Education: Supporting Disadvantaged Students and Schools<br>• Stop Streaming Students<br>• Understanding Issues Associated with Tracking Students in Mathematics Education |